LIFESAVING SOCIETY®
The Lifeguarding Experts

اونٹیریو

محترم والدین/ سرپرست،

آپ کے بچے نے حال ہی میں لائف سیونگ سوسائٹی کے **Swim to Survive® Plus** پروگرام کو سکول میں مکمل کیا ہے۔

+Swim to Survive کا پروگرام حقیقی زندگی میں پانی میں گرنے کی صورت میں زندگی بچانے اور کسی دوست کی محفوظ طریقے سے معاونت کے لیے درکار مہارتیں سکھاتا ہے۔ +Swim to Survive پانی میں محفوظ رہنے کے لیے اہم ہے۔ اس سے مراد روایتی تیراکی کی تربیت کو بدلنا نہیں ہے۔

آپ کے بچے کو +Swim to Survive کارڈ ملے گا جس میں اس کی صلاحیت کے درجہ کی تفصیل ہو گی۔

- ***کپڑے پہن کر گہرے پانی میں اتر سکتا ہے***
- ***کپڑے پہن کر 1 منٹ پانی میں کھڑا رہ سکتا ہے***
- ***کپڑے پہن کر 50 میٹر تیر سکتا ہے***
- **کپڑے پہن کر +Swim to Survive معیار حاصل کر چکا ہے**
- ***معاونت کو مکمل کیا ہے (مصیبت میں دوست کی مدد کرنا)***
- ***فٹنس تیراکی مکمل کر لی ہے***

کارڈ پر ظاہر کردہ درجہ سے قطع نظر، لائف سیونگ سوسائٹی اس کم از کم معیار کے ساتھ تمام بچوں کی تیراکی سیکھنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ میں آپ کی اپنے بچے کو مقامی پول میں سوئمنگ کی تربیت کے لیے رجسٹر کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرتی ہوں تاکہ پانی کے اندر اور ارد گرد آپ کے بچے کی حفاظت میں اضافہ ہو سکے۔ تربیت کے سفارش کردہ اگلے درجہ کے لیے اپنے بچے کے کارڈ کی پشت کو دیکھیں۔

بہت سے پول ضرورت مند خاندانوں کو مالی مدد فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی پول سے رابطہ کریں۔

پروگرام کی جانچ پڑتال آن لائن دستیاب ہے اور آپ کی رائے کا انتہائی احترام کیا جائے گا۔ اس جانچ پڑتال تک رسائی حاصل کرنے کے لیے براہ کرم لائف سیونگ سوسائٹی کی ویب سائٹ www.lifesavingsociety.com پر **Swim to Survive Plus** ویب صفحے پر دیئے گئے "وسائل" کا ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے یا اس تربیتی پروگرام کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ کرم مجھ سے براہ راست 416-490-8844 پر کال یا biancaf@lifeguarding.com پر ای میل کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔

آ پ کی مخلص،

Bianca Fazzari
پبلک ایجوکیشن کوآرڈینیٹر

رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 10809 7270
RR0001

400 Consumers Road
Toronto, Ontario M2J 1P8
Canada

ٹیلی فون: 416-490-8844 فیکس: 416-490-8766
ای میل: experts@lifeguarding.com
www.lifesavingsociety.com